112104 ـ اسلام قبول کرنے سے پہلے گزر جانے والے رمضان کے روزے رکھنا لازمی ہے؟

سوال

سوال: کیا نو مسلم کیلیے اسلام قبول کرنے سے پہلے گزر جانے والے رمضان کے دنوں کے روزے رکھنا لازمی ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

"اسلام قبول کرنے سے پہلے جو دن گزر چکے ہیں ان کی قضا نو مسلم کے ذمے لازم نہیں ہوتی؛ کیونکہ اس وقت رمضان کے روزے رکھنے کا اسے حکم ہی نہیں ہے، تو چونکہ اس پر روزے فرض ہی نہیں تھے اس لیے اس پر قضا بھی نہیں ہے" انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.

ماخوذ از: "الإجابات على أسئلة الجاليات" (1/8)